# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 16 April-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶/اپریل ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ پارلیمانی انتخابات کے پیشِ نظر اب تک ساڑھے چار ہزار کروڑ سے زیادہ مالیت کی نقد رقم و اشیا ضبط۔

☆ تیسرے مرحلے کے پارلیمانی انتخابات کیلئے عثمان آباد حلقہ انتخاب سے تین اور لاتور حلقہ سے ایک امیدواری پرچہ داخل۔

☆ ریاستی ٹیکس انسپکٹر کے 159 عہدوں کے حتمی نتائج کا اعلان۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے طلباء کے سمر کیمپ کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ رواں سال ملک میں اوسطاً 106 فیصد بارش کا امکان۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

مرکزی انتخابی کمیشن نے پارلیمانی انتخابات کے پیشِ نظر یکم مارچ سے اب تک ساڑھے چار ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی نقد رقم اور دیگر اشیا ضبط کرلیں۔ انتخابات کی تاریخ کی یہ اب تک کی سب سے بڑی کارروائی ہے۔ 2019 میں ہوئے پارلیمانی انتخابات کے دوران مجموعی طور پر تین ہزار کروڑ 475 روپے کی رقم اور اشیا ضبط کی گئی تھیں۔ تاہم رواں انتخابات کے پہلے مرحلے کے انتخابی عمل سے قبل ہی انتخابی کمیشن کے دستوں نے ملک بھر سے چار ہزار 650 کروڑ روپے سے زیادہ کی نقد اور منشیات ضبط ہوئی ہیں۔ ان میں دو ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی منشیات، گیارہ سو کروڑ روپے کے تحائف' 562 کروڑ روپے کی قیمتی دھاتیں، 490 کروڑ روپے کی شراب اور تقریباً 400 کروڑ روپے کی نقد رقم شامل ہے۔

اس کارروائی میں راجستھان پہلے، گجرات دوسرے اور تمل ناڈو تیسرے نمبر پر ہے۔ تینوں ریاستوں میں بالترتیب 778 کروڑ، 605 کروڑ اور 460 کروڑ روپے سے زیادہ کا مواد ضبط کیا گیا۔ مہاراشٹر میں اب تک 431 کروڑ 34 لاکھ روپے کا سامان ضبط کیا گیا ہے، جس میں 213 کروڑ روپے کی منشیات، 69 کروڑ روپے کی قیمتی دھاتیں، 79 کروڑ روپے کے تحائف اور 40 کروڑ روپے نقد رقم شامل ہے۔

اس دوران اس کارروائی میں مسافروں کو غیر ضروری جانچ کا سامنا کرنے کی خبریں میڈیا میں گردش کر رہی تھیں۔ انتخابی کمیشن نے اس معاملے کو سنجیدگی سے لیتے رہنما ہدایات جاری کرکے متعلقہ حکام کو معائنہ کے دوران سیاحوں اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کی ہدایت کی ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے عثمان آباد پارلیمانی حلقۂ انتخاب سے تین اور لاتور حلقۂ انتخاب سے ایک امیدواری پرچہ داخل کیا گیا۔

عثمان آباد میں راشٹریہ سماج دل سے آرین راجے کسن راؤ شندے، وشوا شکتی پارٹی سے نوناتھ وشوناتھ دودھاڑ اور ارجن سدرام سلگر نے آزاد امیدوار کے طور پر کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے ہیں۔ لاتور لوک سبھا حلقہ سے کرانتی کاری جئے ہند سینا کے گنگارام جادھو نے ایک امیدواری پرچہ داخل کیا ہے۔

دریں اثناء عثمان آباد حلقۂ انتخاب سے کل 23 امیدواروں نے 59 اور لاتور پارلیمانی حلقے سے 24 امیدواروں نے 47 نامزدگی پرچے حاصل کرنے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔ کولہاپور اور ہاتھ کننگلے لوک سبھا حلقوں میں مہایوتی کے امیدواروں سنجے منڈلک اور دھیریہ شیل مانے نے زبردست طاقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے کل اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔ وزیرِ اعلیٰ اور شیوسینا کے سربراہ ایکناتھ شندے، بی جے پی رہنما چندر کانت پاٹل اور دیگر کئی معززین اس موقع پر موجود تھے۔

کولہاپور حلقۂ انتخاب سے ایک سوابھیمانی شیتکری سنگھٹنا کے صدر اور سابق رکنِ پارلیمان راجو شیٹی نے بیل گاڑی پر سوار ہو کر نامزدگی پرچہ داخل کیا۔ ادخالِ نامزدگی سے پہلے راجو شیٹی نے دسہرہ چوک میدان پر ایک جلسۂ عام سے خطاب بھی کیا۔

ہاتھ کننگلے لوک سبھا حلقہ کیلئے کل پانچ امیدواروں نے نو پرچہ نامزدگی داخل کیے۔

سانگلی سے مہا وکاس اگھاڑی کے کانگریس امیدوار وشال پرکاش راؤ پاٹل اور ہندوستان جنتا پارٹی کے ستیش للیتا کرشنا کدم نے کل اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔ ایم ایل اے ششی کانت شندے نے کل ستارا لوک سبھا حلقۂ انتخاب کیلئے راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ کی طرف سے اپنا امیدواری عریضہ داخل کیا۔ قبل ازیں نکالی گئی تشہیری ریلی میں رکنِ پارلیمان شرد پوار، پارٹی کے ریاستی صدر جینت پاٹل، رکنِ پارلیمان شرینواس پاٹل، رکنِ اسمبلی پرتھوی راج چوہان سمیت اتحادی جماعتوں کے قائدین اور عہدیدار شریک تھے۔

ونچیت بہوجن اگھاڑی کے راہل کاشی ناتھ گائیکواڑ اور رمیش ناگناتھ بارسکر نے کل بالترتیب شولاپور اور ماڈھا لوک سبھا حلقوں سے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے، جبکہ رائے گڑھ لوک سبھا حلقہ سے

انڈیا اتحاد کے امیدوار اننت گنگارام گیتے سمیت پانچ امیدواروں نے کل اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔ رتنا گیری۔ سندھو دُرگ حلقہ میں کل ایک بھی پرچۂ نامزدگی داخل نہیں کیا گیا۔

***** ***** *****

بدعنوانی اور نشے سے پاک بھارت ہی بھارتیہ جنتا پارٹی کا عزم اور مقصد ہے۔ اس طرح کا بیان بی جے پی رہنما اور مرکزی وزیر پیوش گوئل نے دیا۔ وہ کل ممبئی کے ریاستی دفتر میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔

دریں اثنا لہوجی شکتی سینا نے تنظیم نے بی جے پی کی قیادت والے عظیم اتحاد کی غیر مشروط حمایت کرنے کا اعلان کیا ہے۔ لہوجی شکتی سینا کے ریاستی صدر کیلاس کھندارے نے رکنِ اسمبلی آشیش شیلار کی موجودگی میں ممبئی میں منعقدہ ایک جلسے میں یہ اعلان کیا۔

گُل ہند مراٹھا مہا سنگھ نے بھی عظیم اتحاد کی غیر مشروط حمایت کا اعلان کیا ہے۔ مہا سنگھ کے صدر دلیپ جگتاپ نے ممبئی میں بی جے پی کے صوبائی دفتر میں منعقدہ ایک اجتماع کے دوران یہ اعلان کیا۔

***** ***** *****

نائب صدرِ مملکت جگدیپ دھنکڑ نے کہا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی سے ٹیکس نظام میں بہتری آ رہی ہے اور ٹیکس چوری کی روک تھام میں مدد ہو رہی ہے۔ وہ کل ناگپور میں قومی راست ٹیکس اکیڈمی میں بھارتی محصول خدمات کی 76 ویں بیچ کے تربیتی سیشن کے اختتامی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر نائب صدرِ جمہوریہ نے مختلف شعبوں میں بہترین کارکردگی انجام دینے والے افسران کو اعزاز سے نوازا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے کل سے طلبہ کیلئے گرمائی تعطیلات کے کیمپ کا آغاز ہوا۔ اس تربیتی کیمپ کا افتتاح میونسپل کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر جی شریکانت کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ کراڑ پورہ علاقہ میں واقع اردو اسکول نمبر ایک اور میونسپل کارپوریشن کے پریہ درشنی اسکول میں شروع ہونے والے اس 15 روزہ کیمپ میں صبح ساڑھے سات بجے سے صبح ساڑھے دس بجے تک طلبہ کو کرکٹ، فٹ بال، بیڈمنٹن، اسکیٹنگ، مصوری، جیسے مختلف فنون سکھائے جائیں گے۔

***** ***** *****

ناندیڑ میونسپل کارپوریشن کے تحت دستۂ آتش فرو خدمات ہفتے کا ضلع کلکٹر ابھیجیت راوت اور میونسپل کمشنر ڈاکٹر مہیش کمار ڈوئی پھوڑے کی موجودگی میں کل سے آغاز ہوا۔ اس بیداری کے تحت 20 اپریل تک آتش فرو خدمات کے بارے میں عوام میں آگاہی پیدا کی جائے گی۔ اس موقع پر کلکٹر راوت نے آگ سے بچاؤ کے اقدامات کے حوالے سے شہریوں میں بیداری پیدا کرنے کیلئے خصوصی اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر 1944 میں ممبئی میں ایک بحری جہاز میں لگنے والی خوفناک آگ میں جان گنوانے والے 66 افسران و ملازمین اور مختلف مقامات پر خدمات کی انجام دہی میں فوت ہونے والے فوجیوں کی خدمات کو یاد کیا گیا۔

***** ***** *****

مرکزی محکمہ موسمیات نے امکان ظاہر کیا ہے کہ اس سال ملک میں اوسط سے زیادہ بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ مرکزی وزارت ارضیات کے سکریٹری ڈاکٹر ایم روی چندرن نے دہلی میں منعقدہ پریس کانفرنس میں یہ بات کہی۔ مغربی مانسون کی پیشن گوئی مئی کے آخری ہفتے میں جاری کرنے کی وضاحت بھی محکمہ موسمیات نے کی ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن کی جانب سے پانچ نومبر کو منعقدہ مہاراشٹر گزیٹیڈ گروپ B مین امتحان 2023 کے ٹیکس انسپکٹر کیڈر کے جملہ 159 عہدوں کے نتائج کل ظاہر کیے گئے۔ اس امتحان میں رتنا گیری ضلع کے اودھوت دریکر ریاست میں سرِفہرست ہیں۔ خواتین زمرہ سے پونہ ضلع کی اَشلیشا جادھو، جبکہ پسماندہ زمرہ سے کولہاپور ضلع کے روہت بیہرے یہ ریاست میں سرِفہرست ہیں۔ کمیشن نے مزید معلومات کیلئے ویب سائٹ سے رابطہ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

انتخابی کمیشن کی جانب سے ووٹر بیداری مہم کے تحت ضلع وار رضار ریاستی سطح پر رائے دہندگان سے رائے دہی کی اپیل کریں گے۔ پربھنی میں سنکرشن کرہاڑے، پرشانت پائیک راؤ، شبھم مہسکے، سنیل تڑک مانے اور ڈاکٹر راج گوپال کالانی، ناندیڑ میں بھاگیہ شری جادھو، سرشٹی جوگدنڈ اور کپل گوڈسور کر، بیڑ میں یوگیش ورگھاٹ بندھے، میوری لوتے اور پرمیلا چاندیکر، لاتور میں بسوراج پیکے، اورنگ آباد میں ناویلی دیشمکھ، عثمان آباد میں راہل لکھاڑے اور ہنگولی کیلئے مہیش کھوڑ کھڑے بطورِ رضا کار منتخب کیے گئے ہیں۔ یہ تمام افراد سوشل میڈیا، پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے ووٹ دینے کی اپیل کریں گے۔

***** ***** *****

انڈین پریمیر لیگ IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل سن رائزرس حیدرآباد نے رائل چیلنجرس بنگلورو کو 25 رنوں سے شکست دی۔ حیدرآباد کی ٹیم نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے 20 اوورس میں 287 رنز بنائے۔ اس کے جواب میں بنگلورو کی ٹیم سات وکٹ پر 262 رن ہی بنا پائی۔ آج اس ٹورنامنٹ میں کولکاتہ میں کولکاتہ نائٹ رائیڈرس اور راجستھان رایلس کے مابین مقابلہ ہوگا۔

***** ***** *****

ناندیڑضلع پریشد کی جانب سے کل شہر کے بس اسٹینڈ پر سویپ کمیٹی کے ذریعہ مختلف سرگرمیوں کے تحت ووٹر بیداری پیدا کی گئی۔اس موقع پر کمیٹی کی سربراہ چیف ایگزیکیٹو آفیسر مینل کرنوال اور میونسپل کمشنر ڈاکٹر مہیش کمار ڈوئی پھوڑے نے شرکت کی۔ اس وقت ڈوئی پھوڑے نے بس اسٹینڈ پر مسافروں سے اپیل کی کہ وہ جمہوریت کی بس میں سوار ہونے کا اعلان کرتے ہوئے ووٹ دیں۔''میں ووٹ دوں گا'' نامی سیلفی پوائنٹ کا افتتاح کر کے بسوں پر اسٹیکرز چسپاں کر کے انتخابی مہم میں حصہ لیا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پارلیمانی انتخابات کے پیش نظر اب تک ساڑھے چار ہزار کروڑ سے زیادہ مالیت کی نقد رقم واشیا ضبط۔

☆ تیسرے مرحلے کے پارلیمانی انتخابات کیلئے عثمان آباد حلقہ انتخاب سے تین اور لاتور حلقہ سے ایک امیدواری پرچہ داخل۔

☆ ریاستی ٹیکس انسپکٹر کے 159 عہدوں کے حتمی نتائج کا اعلان۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے طلباء گرمائی کیمپ کا آغاز۔

اور۔۔۔ ☆ رواں سال ملک میں اوسطاً106 فیصد بارش کا امکان۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****